الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 5 مارچ ، 2018ء

الیکشن کمیشن نے 2018ء کے عام انتخابات کے لئے مجموعی طور پر 9 لاکھ پولنگ عملے کی تربیت کا آغاز کر آج سے لیڈ ٹرینرز کی ٹریننگ کر کے شروع کر دیا۔ لیڈ ٹرینرز کی ٹریننگ صوبہ پنجاب کے دارلخلافہ لاہور اور صوبہ خیبر پختونخواہ کے دارالخلافہ پشاور میں شروع ہو گئی ہے۔ مجموعی طور پر 88 لیڈ ٹرینرز کو تربیت دی جا رہی ہے جو کہ آج 5 مارچ 2018ء سے شروع ہو کر 16 مارچ تک چاروں صوبوں کے دارالخلافوں میں ہو گی۔ تمام لیڈ ٹرینرز الیکشن کمیشن کے آفیسرز ہیں۔ یہ 9 لاکھ پولنگ عملے کی تربیت کا پہلا مرحلہ ہے۔ دوسرے مرحلے میں 3000 ماسٹر ٹرینرز کو تربیت دی جائے گی جو یکم اپریل 2018ء سے شروع ہو گی۔ اس کے بعد پولنگ عملے کو تربیت دیں گے۔ یہ مرحلہ مئی 2018ء سے شروع کیا جائے گا۔ ریٹرننگ آفیسرز اور ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسرز کی تعیناتی کے بعد ٹریننگ کے مراحل الیکشن 2018ء سے پہلے ترتیب دیئے گئے منصوبے کے مطابق مکمل کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆